07/06/2026

7.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبرنامہ لےکر مینبصارت گل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ بین الاقوامی سرحدوں کے متصل مالی لین دین، عمارتوں کی تعمیر اور اثاثوں کی خرید و فروخت پر قریبی نظر رکھنے کے لئے مرکزی وزیر داخلہ کا زور ۔

*........ لیفٹنٹ گورنر کی قیادت میں یوٹی کے سبھی 20 اضلاع میں پد یاتراو

---

ں کا انعقاد مکمل //آج پونچھ میں پد یاترا منعقد ۔ئ

اور *........ غذائی سلامتی کے عالمی دن کے موقعہ پر جانکاری پروگراموں کا انعقاد ۔

*........ بلند پایہ ولی کامل حضرت بابا نظام الدین کیانوی ؒ کے عرس کے سلسلے میں تقریبات کا آغاز ۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بین الاقوامی سرحدوں کے متصل ہونے والے مالی لین دین عمارتوں کی تعمیر اور اثاثوں کی خرید و فروخت پر قریبی نظر رکھنے پر زور دیا ہے ۔ BSF کے ترییورہ سرحدی ہیڈ کوارٹر میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے امت شاہ نے ساتھ ہی پچھلے پانچ برس کے زمین کے ریکارڈ کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت دی ۔

انہوں نے منشیات اور اسلحہ کی سمگلِنگ کے خلاف وقتاً فوقتاً ضروری کاروائیاں انجام دینے کی ضرورت اجا گر کی ۔

پد یاترا

اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ان کا مقصد صاف اور واضح ہے اور وہ ہے جموں کشمیر کو نارکو ٹیرر سے مکمل طور پر پاک بنانا ۔ انہوں نے اس مہم میں عام لوگوں کے تعاون اور اس میں دلچسپی لینے پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

------LG poonch------

اس موقعہ پر منوج سنہا نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اب تک کی پیش رفت اور حصولیابیوں نیز سمگلروں کے خلاف کی گئی کاروائیوں طائرانہ خلاصہ پیش کیا۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

واضح رہے کہ ایل جی نے کل ضلع کشتواڑ میں بھی اسی طرح کی ایک پد یاترا کی قیادت کی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا ۔

............LG-Kistwar............

سماجی سطح پر منشیات کا قلع قمع کرنے کیلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ایک مدرِس سکھبیر سنگھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Sukhbir............

بشیر احمد کِنو

اِدھر شہرِ خاص ٹریڈرس اینڈ چیمبرس کے چیر مین بشیر احمد کِنو نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کی لت میں پڑے افراد کی جلد نشاندہی کے لئے Urine کو وقتاً فوقتاً استعمال میں لایا جانا چاہئے ۔ Drug Screening

-----Kinu-----

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے اننت ناگ اور سوپور میں چار منشیات سمگلروں کو دھر لیا ہے ۔

بجبہاڑہ پولیس نے تاربل گوری کے مقام پر ایک ناکے کے دوران زاہد علی ڈار نامی شخص سے چرس بر آمد کیا جبکہ سوپور میں پولیس نے ماڈل ٹاون ۔ براتھ لِنک روڑ پر پیٹرولنگ کے دوران ارسلان نبی زرگر ، وسیم نبی وانی اور ظہور احمد شیخ نامی تین اشخاص کو پکڑ لیا جن کے قبضے سے نشیلی ادویات برآمد کی گئی ۔

بارہمولہ پولیس کی ایک ٹیم نے مقامی لوگوں سے اشتراک سے بٹواری بابا محلہ ، گوشہ ریشی پورہ ، ہانجی ویرہ اورتاپر علاقے میں خُودرَو بھنگ تباہ کی ۔

کرائم برانچ

جمونو کشمیر کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے جعلسازی اور دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں 2 افراد کے خلاف عدالت میں چارج شیٹ داخل کر دی ہے۔

پریس نوٹ کے مطابق رکھِ شِلوٹھ سنبل بانڈی پورہ کے رہنے والے غلام محمد بٹ اور اسد اللہ بٹ نام کے ان ملزمان نے اپنی تعلیمی قابلیت چھپا کر اور جعلی سرٹیفکیٹ کے ذریعے تاریخ پیدائش میں رد و بدل کرکے سر کاری ملازموں کی مدت میں غیر قانونی توسیع حاصل کی جس کی وجہ سے سرکاری خزانے کو مالی نقصان پہنچا۔

کرائم برانچ نے عوام سے اقتصادی فراڈ کے معاملات کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دینے کی اپیل کی ہے۔

ستیش شرما

خوراک و رسدات اور کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار سرحدی علاقوں میں رہائش پذیر لوگوں کی فلاح و بہبود کی وعدہ بند ہے ۔

آج
کھو

---

ر کے تاریخی رائل پیلس میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ¾ سرکار جموں کشمیر میں ایک شفاف سرکار فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقعے پیدا کرنے اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر کام کر رہی ہے ۔

PDP

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے پی ڈی پی لیڈر اور سماجی کارکن طالب حسین چودھری کی حراست پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ پُر امن احتجاج کے بیچ انہیں گرفتار کرنا گجر اور بکروال برادری میں ایک منفی سوچ پیدا کر سکتی ہے جو ہمیشہ قوم پرست رہے ہیں ۔ انہوں نے سرکار سے مانگ کی کہ انہیں جلد از جلد رہا کیا جائے ۔

عالمی دن

دنیا بھر میں آج فوڈ سیفٹی کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن غذائی سلامتی کو، حق اور ذمہ داری کے طور پر اجاگر کرتا ہے اور ساتھ ہی یہ اجتماعی کارروائی کے لیے ایک مضبوط موقعے کی بنیاد بھی رکھتا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے

From Problem to Solution – Safe Food Everywhere جو ہر سطح پر محفوظ غذا کو یقینی بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

اس حوالے سے عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے متعدد مقامات پر جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے، فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن جموں کشمیر کے اسسٹنٹ کمشنرہلال احمد میر نے کہا۔

............Hilal Mir (U/K)

اسی دوران صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈّا نے آج صحت مند مستقبل کی خاطر محفوظ اور صحت بخش خوراک کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ صحت مند کھانے کی عادات کو اپناتے ہوئے ایک فِٹ اور خود انحصار بھارت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں ۔

توسیع

ڈائریکٹوریٹ آف کالجز نے جمونو کشمیر کے ڈگری کالجوں میں انڈر گریجویٹ اور انٹگریٹڈ پی جی پروگراموں میں پہلے راؤنڈ کی الاٹمنٹ لسٹ کے تحت آن لائن فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ 8جون شام5بجے تک بڑھا دی ہے۔

ڈائریکٹر کالجز جمونو کشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے فیس جمع کرنے والے اُمید واروں سے کہا ہے کہ وہ دستاویزات کی ویرفکیشن کےلئے اپنے الاٹ کئے گئے کالجوں میں8جون سے10جون تک رپورٹ کریں۔

-----

Beereshwar Goswami

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راجوری میں نا ساز گار موسم کے بیچ ایک ملی ٹنٹ مخالف آپریشن کے دوران اپنی جان قربانی دینے والے فوجی جوان لیفٹنٹ Beereshwar Goswami کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا ہے کہ قوم اس عظیم سپوت کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انھوں نے شہید فوجی آفیسر کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہارکر تے ہوئے انہیں ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔

اور دیگر تمام رینکوں کے افسران نے بھیلیفٹنٹ GOC اسی دوران فوج کی وائٹ نائٹ کور کے کی شہادت پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ Beereshwar Goswami

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

SSP

ٹریفک پولیس دو پہیے چلانے والوں کی طرف سے ہو رہی خلاف ورزیوں کو روکنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ SSP ٹریفک اعجاز احمد بٹ نے کہا ہے کہ ٹو ویلر پر دو ہی سواریانسفر کر سکتی ہیں اور دونوں کیلئے ہیلمٹ پہننا لازمی ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

...........SSP...........

شوکت احمد میر

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر شوکت احمد میر نے وادی کے کئی اضلاع میں حالیہ شدید ژالہ باری سے میوہ باغات اور دیگر فصلوں کو ہوئے نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ کسانوں اور باغ مالکان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے ۔

انہوں نے سرکار پر زور دیا کہ وہ متاثرہ کسانوں کو معقول اور مناسب امداد فراہم کرنے کے لیے ریلیف پیکیج کا اعلان کریں۔

عبدالرحمان ویری

پارلیمنٹ بورڈ کے چیر مین اور سابق وزیر عبدالرحمان ویری نے اننت ناگ ایسٹ حلقے PDP کے شانگس علاقے کے کئی دیہات میں شدید ژالہ باری سے میوہ باغات اور فصلوں کو پہنچے نقصان پر شدید رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔

انہوں نے متاثرین کو مناسب معاوضہ دینے اور نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لئے بر وقت اقدام کرنے کا مطالبہ کیا ہے ۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نےکہا ہے کہ شری امر ناتھ جی یاترا نہ صرف ایک مذہبی یاترا ہے بلکہ یہ صدیوں پرانی وادی کشمیر کی ثقافتی ، آپسی بھائی چارے اور مہمان نوازی کی علامت ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہر کوئی کشمیری یاتریوں کی مدد ، اعانت کے لئے تیار ہے ۔

دریں اثناء جی ایم شاہین نے آج سرینگر میں پارٹی کے قومی ورکنگ صدر سنجے جھا سے ملاقات کی جس دوران انہیں جموں کشمیر میں موجودہ سیاسی ، سماجی اور ترقیاتی صورتحال کے بارے میں آگاہ کیا گیا ۔

حضرت بابا نظام الدین کیانوی ؒ

بلند پایہ ولی کامل حضرت بابا نظام الدین کیانوی ؒکا سالانہ عرس آج عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ آج قرآن خوانی ، شب بیداری ، درود و ازکار اور ختمات المعظمات کی مجالس کا سلسلہ جاری ہے جبکہ عرس کی تقریب کل صبح درگاہِ بابا نگری کے سجادہ نشین میاں الطاف

احمد کی دعا کے بعد اختتام کو پہنچے گی ۔ اس عرس میں جموں کشمیر کے ساتھ ساتھ ملک کے دیگر حصوں سے بھی عقیدت مند حاضری دینے کے لئے آتے ہیں ۔

ہمارے گاندربل کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس وقت آستانِ عالیہ پر عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے ۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عرس کے موقعے پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔

مجلس

اِدھر نوہٹہ سرینگر میں 12 ویں ماہ ذی الحجہ کی نسبت سے حضرت میر سید احمد شاہ کرمانیؒ کی زیارت گاہ پر ایک روح پرور مجلس کا انعقاد ہوا ۔قران خوانی ،درود واذکار اور نعت و منقبت کی مجالس کے علاوہ علماءنے حضرت شاہ کرمانیؒ کی سیرت اور روحانی کمالات پر روشنی ڈالی ۔

اِدھر بقہ عالیہ حضرت میر سعید یعقوبؒ سونہ وار میں بھی گزشتہ شب جمعہ کو ایک ایسی ہی مجلس منعقد ہوئی ۔

ماک ڈرل

کھیر بھوانی میلے اور شری امر ناتھ جی یاترا کے آغاز سے پہلے جموں کشمیر پولیس نے گاندربل میں ضلعے میں کئی جگہوں پر آپریشنل تیاریوں ، ایمرجنسی ریسپانس اور بین ایجنسی اشتراک کے سلسلے میں ایک ماک ڈرل کا انعقاد کیا ۔

NDA

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں اور اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی NDA مرکز میں کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کی گئیں جن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں ایک عام شہری کے تاثرات۔

....Byte....

BJP

کے جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے کہا ہے کہ مرکز میں نریندر مودی کی BJP سربراہی والی سرکار کے 12 سال مکمل ہونے کے موقعے پر پانچ خصوصی کتابچے جاری کئے جائیں گے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ان کتابچوں میں گزشتہ بارہ سال کے دوران سرکار کی حصولیابیوں اور تاریخی پالیسی فیصلوں اور ترقیاتی
پہلوو

---

ں کو اجا گر کیا جائے گا ۔ئ

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے سات برس کی جموں کشمیر چیمپئین شپ میں طلائی کا تمغہ Muay Thai کو نیشنل یوتھ Sumaira Sharma کی چھوٹی بچی جیتنے پر مبارک باد دی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ راج پورہ جموں کے ایک مقامی ہائر سیکنڈری سکول میں زیرِ تعلیم دوسری جماعت کی اس طالبہ کی غیر معمولی کارکردگی نے جموں کشمیر کا سر فخر سے اونچا کیا ہے ۔

ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ
سائیکلنگ سے
کرہ

---

ارض صاف ستھرا رہتا ہے اور اس سے ٹریفک جام کے بڑے مسئلے کا حل بھی فراہم ہوتا ہے۔ ئ

وزیر موصوف نے آج صبح نئی دلی میں سائکل پر فِٹ انڈیا سنڈے کی قیادت کرتے ہوئے نوجوانوں سے کہاکہ وہ اس پہل میں شامل ہوں اور فٹ انڈیا کا نظریہ اپنائیں۔

-----Mandaviya-----

NTA

کے دوبارہ امتحان کے لئے سوال پرچوں کے مبینہ NEET (UG) نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے 2026 لیک ہونے، پیشگی رسائی یا فروخت کے حوالے سے سوشل میڈیا اور دیگر پلیٹ فارموں پر گردش کرنے والے دعووں کی تردید کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایجنسی نے کہا کہ اس طرح کا مواد منظم دھوکہ دہی کے ریکیٹ کا کام ہے جو طلباءاور ان کے اہلِ خانہ کی پریشانیوں کا باعث بنتا ہے۔

گیس

بھارت میں گھریلو صارفین کو جس قیمت پر کھانا پکانے کی گیس مل رہی ہے وہ عالمی سطح پر سب سے کم قیمتوں میں شامل ہے۔

ایک بیان میں پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ بھارت میں گیس سلینڈر کسی بھی پڑوسی ملک کے مقابلے سستا ہے اور ساتھ ہی اس کی قیمت امریکہ، آسٹریلیا اور کنیڈا جیسی ترقی یافتہ معیشتوں میں ایل پی جی سلنڈر کی قیمت سے کہیں زیادہ کم ہے۔

محرم الحرام

محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے کےلئے ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گر گ کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقدہوئی۔ میٹنگ میں عزاداروں کےلئے فراہم کی جا رہی بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

ڈویژنل کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ محرم کے پیش نظرتمام ضروری انتظامات کو بر وقت مکمل کئے جائےں تاکہ مذہبی اجتماعات اور عزاداری کے جلوس پُر امن اور احسن طریقے سے منعقد ہو سکیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 19 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر41منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔